# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ سوشیالوجی)

## وارننگ

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

ا۔امتحانی مشق میں اگر آپ کسی اور کی تحریر سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یاڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں۔خواہ اس کاعلم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

۲۔کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یاچوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد کی مواد کی چوری(PLAGIARISM)پالیسی کے مطابق سزادی جائے گی۔

**کورس:ڈیموگرافی (414)** **سمسٹر: خزاں،2026ء**

**سطح:بی اے / ایسوسی ایٹ ڈگری**

## مشقیں جمع کرانے کا اوقات نامہ

| 6 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ | 3 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ |
|---|---|---|---|
| مشق نمبر1 | 15-12-2026 | -- | -- |
| مشق نمبر2 | 08-01-2027 | مشق نمبر1 | 08-01-2027 |
| مشق نمبر3 | 30-01-2027 | -- | -- |
| مشق نمبر4 | 20-02-2027 | مشق نمبر2 | 20-02-2027 |

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

(ہدایات برائے میٹرک، ایف اے اور بی اے پروگرام)

1۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

4۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

5۔ غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر بی اے:40
کامیابی کے نمبر ایسوسی ایٹ ڈگری:50

## امتحانی مشق نمبر 1
### (یونٹ:۱تا۴)

**سوال نمبر 1:** ڈیموگرافی کے دائرہ کار (Scope) کو بیان کریں اور وضاحت کریں کہ یہ علم کسی معاشرے کی ترقی اور منصوبہ بندی میں کس طرح معاون ثابت ہوتا ہے۔ (20)

**سوال نمبر 2:** آبادی سے متعلق معلومات جمع کرنے کے مختلف طریقوں کا تقابلی جائزہ پیش کریں اور بیان کریں کہ پاکستان میں کون سا طریقہ زیادہ مؤثر ہے اور کیوں؟ (20)

**سوال نمبر 3:** آبادی کے کلاسیکی اور جدید نظریات میں فرق بیان کریں اور ان نظریات کی روشنی میں ترقی پذیر ممالک کے آبادی کے مسائل کا تجزیہ کریں۔ (20)

**سوال نمبر 4:** آبادی میں تبدیلی کے عناصر (پیدائش، اموات، نقل مکانی) ایک دوسرے سے کیسے جڑے ہوتے ہیں؟ ان کے باہمی تعلق کو مثالوں کے ساتھ واضح کریں۔ (20)

**سوال نمبر 5:** مندرجہ ذیل پر مختصر نوٹ تحریر کریں:

1. مردم شماری کی اہمیت اور مسائل (10)
2. آبادیاتی ڈیٹا کے استعمال کے سماجی پہلو (10)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر بی اے:40

کامیابی کے نمبر ایسوسی ایٹ ڈگری:50

## امتحانی مشق نمبر2

**(یونٹ:۵تا۹)**

**سوال نمبر1:** آبادی کی ساخت (Population Structure) سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کریں کہ عمر اور جنس کی تقسیم کسی ملک کی معاشی پالیسیوں کو کیسے متاثر کرتی ہے۔ (20)

**سوال نمبر2:** ڈیموگرافک ڈیٹا کی اقسام اور ان کی افادیت بیان کریں۔ یہ ڈیٹا حکومتی منصوبہ بندی میں کس طرح مدد فراہم کرتا ہے؟ (20)

**سوال نمبر3:** نوجوان آبادی کے فوائد اور چیلنجز کا تجزیہ کریں اور بیان کریں کہ پاکستان اس سے کیسے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ (20)

**سوال نمبر4:** شرحِ پیدائش پر اثر انداز ہونے والے عوامل کی وضاحت کریں اور ان عوامل کے سماجی نتائج پر بحث کریں۔ (20)

**سوال نمبر5:** شرحِ اموات میں کمی یا اضافہ کن عوامل کی وجہ سے ہوتا ہے؟ صحت عامہ کی بہتری کے لیے عملی تجاویز پیش کریں۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر بی اے:40

کامیابی کے نمبر ایسوسی ایٹ ڈگری:50

## امتحانی مشق نمبر3

**(یونٹ:۱۰تا۱۴)**

**سوال نمبر1:** سماجی و معاشی حیثیت اور شرحِ اموات کے درمیان تعلق کو بیان کریں اور دیہی و شہری علاقوں میں اس کے فرق کا تجزیہ کریں۔ (20)

**سوال نمبر2:** نقل مکانی کے اسباب اور اقسام بیان کریں اور وضاحت کریں کہ یہ عمل معاشرتی تبدیلی کا باعث کیسے بنتا ہے۔ (20)

**سوال نمبر3:** بین الاقوامی نقل مکانی کے مثبت اور منفی اثرات کا جائزہ لیں، خصوصاً خاندان اور معیشت پر اس کے اثرات بیان کریں۔ (20)

**سوال نمبر4:** شادی کے ادارے اور آبادی کے درمیان تعلق پر بحث کریں اور اس کے سماجی استحکام میں کردار کو واضح کریں۔ (20)

**سوال نمبر5:** مندرجہ ذیل پر مختصر نوٹ تحریر کریں: (10+10)

1. شرحِ افزائش آبادی (Population Growth Rate)
2. حکومتی آبادیاتی پالیسیاں

**کل نمبر:100** **کامیابی کے نمبر بی اے:40**

**کامیابی کے نمبر ایسوسی ایٹ ڈگری:50**

## امتحانی مشق نمبر4

## یونٹ:۱۵تا۱۸

**سوال نمبر1:** ٹیکنالوجی اور آبادی کے باہمی تعلق پر بحث کریں اور وضاحت کریں کہ جدید ٹیکنالوجی کس طرح معاشی ترقی کو متاثر کرتی ہے۔ (20)

**سوال نمبر2:** شہری کاری کے اسباب اور اثرات بیان کریں اور پاکستان کے بڑے شہروں کے مسائل کا تجزیہ کریں۔ (20)

**سوال نمبر3:** آبادی، وسائل اور ماحول کے درمیان توازن کیوں ضروری ہے؟ پائیدار ترقی کے اصولوں کی وضاحت کریں۔ (20)

**سوال نمبر4:** تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی کے مسائل کا تنقیدی جائزہ لیں اور ان کے حل کے لیے قابلِ عمل تجاویز پیش کریں۔ (20)

**سوال نمبر5:** مندرجہ ذیل پر مختصر نوٹ تحریر کریں: (10+10)

1. آبادی اور غربت کا تعلق
2. خاندانی منصوبہ بندی کی اہمیت